امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۲۰

مَنْ کی اقسام

⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv

پہلا- مَنْ شرطیہ:

ترکیب نحوی کے اعتبار سے مبتدا، خبر، مفعول بہ، مجرور بحرف جر اور مضاف واقع ہوتا ہے، اسی ترتیب سے یہ محلاً مرفوع، محلاً منصوب یا محلاً مجرور واقع ہوتا ہے۔

1. مَنْ تین شرطوں کے ساتھ مبتدا واقع ہوتا ہے۔

(۱) فعل شرط افعال ناقصہ میں سے ہو۔ [مَن یکن صاحب حقٍ لایتنازل عن حقّہ]

(۲) فعل شرط فعل لازم ہو۔ [من صبر نال]

(۳) فعل شرط متعدی ہو اور مفعول مذکور ہو۔ [من یعمل سوء یجزی بہ]

2. مَنْ مفعول بہ واقع ہوتا ہے۔

(۱) مَنْ کے بعد فعل متعدی ہو اور مفعول کی ضمیر ذکر نہ کی گئی ہو۔ [مَنْ تکرم اکرم]

3. محلاً مجرور بہ حرف جر۔

[علی من تُسلم اُسلم]

4. مَنْ مضاف الیہ بھی واقع ہوتا ہے۔

(۱) جب مَنْ سے پہلے ایسا اسم نکرہ ہو جس کو معرفہ بننے کی ضرورت ہوتی ہے۔ [کتابُ من تقرء اقرء]

دوسرا- مَنْ استفہامیہ:

اس کے ذریعے عاقل کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔

(۱) من استفہامیہ مبتدا واقع ہوتا ہے اور محلاً مرفوع ہوتا ہے۔

- جب اس کے بعد فعل لازم آئے۔ [من ضحک]
- جب اس کے بعد فعل متعدی آئے اور اس کا مفعول مذکور ہو۔ [من کافک]

- جب اس کے بعد جملہ اسمیہ واقع ہو۔[من هو معلمكم]
- جب اس کے بعد شبہ جملہ واقع ہو۔[من عندک]
- (۲)من استفہامیہ خبر مقدم واقع ہوتا ہے اور محلاً مرفوع ہوتا ہے۔
- جب اسکے بعد اسم معرفہ آئے۔ [من القادم]

(۳)من استفہامیہ کان کی خبر بھی واقع ہوتا ہے اور محلاً منصوب ہوتا ہے۔

- جب اسکے بعد فعل کانَ آجائے۔ [من كانَ]

(۴)من استفہامیہ مفعول بہ بھی واقع ہوتا ہے اور محلاً منصوب ہوتا ہے۔

- جب اسکے بعد فعل متعدی آئے اور مفعول ذکر نہ ہو۔[من ضربتَ]

(۵)من استفہامیہ حرف جر کے بعد اگر آئے تو محلاً مجرور ہوتا ہے۔

- [بمن استعنت على بناء بيتك]

(٦)من استفہامیہ مضاف الیہ بھی واقع ہوتا ہے اور محلاً مجرور ہوتا ہے۔

جب من سے پہلے ایک اسم نکرہ آئے کہ جس کو معرفہ کرنا ضروری ہو۔[کتاب من قرأت]

ImamSadiq.tv